فتوی نمبر:[۲۰۴] بسم اللہ الرحمن الرحیم تاریخ:[۲۰۲۱/۱۰/۱۸]

سوال

ایک خاتون کے حمل کا چھٹا ماہ ہے، بچے کا دماغ نہیں بنا اور بقول ڈاکٹر نہ ہی بعد میں بنے گا۔ کمر میں پھوڑا ہے، جس سے بچے کی جان کو شدید خطرہ ہے۔ اور اگر اس کی پیدائش صحیح ہو بھی جاتی ہے تو پھوڑا ختم کرنے کے لیے آپریشن کرنا پڑے گا، جس سے اس کا کمر سے نیچے والا دھڑ مفلوج ہو جائے گا۔ مختلف ڈاکٹرز حضرات کا مشورہ ہے کہ فوراً بچے کو ضائع کروا دیا جائے۔ جبکہ بچہ رحم مادر میں ابھی زندہ ہے۔ رہنمائی فرمادیں۔

جواب

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده!

ڈاکٹر حضرات بھی انسان ہی ہیں، جن کی معلومات ظن و تخمین پر مبنی ہوتی ہیں۔ جبکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اس لیے اللہ کی تقدیر سے نہیں کھیلنا چاہیے۔ اللہ کے قانون کو ہاتھ میں لے کر کھلواڑ نہیں کرنا چاہیے۔ اس حمل کو محض موہوم معلومات کی بنا پر ضائع کرنا بہت بڑا جرم ہے۔ رسول اللہ سلم کے پاس ایک حاملہ عورت آئی جس پر حد لگانا تھی۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حمل کی خاطر اس حد کو مؤخر کر دیا۔ اور جب اس نے بچے کو جنم دے لیا، تو پھر وہ آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جاؤ جب یہ کھانے پینے کے قابل ہو جائے، تو پھر آنا، وہ بعد میں آئی جب اس کے بچے نے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا پکڑا ہوا تھا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ بچہ کسی انصاری کے حوالے کر کے اس کو حد لگائی۔[صحیح مسلم:۱۶۹۵]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو حمل والے بچے کی خاطر حد کو مؤخر کر رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ضائع بھی نہیں کیا، کہ وہ ان کی بے عزتی اور ان کے لیے ایک بری نشانی ہو گی! اور یہ بچہ جس کے بارے میں پوچھا جا رہا ہے، یہ تو حلالی ہے، اس کو کیوں کر ضائع کیا جائے؟ پیدائش کے بعد بھی تو اس طرح کی بیماریاں ہو سکتی ہیں۔ اگر پیدائش کے بعد اس طرح کی بیماری ہو جائے تو کیا اس کو مار دیا جاتا ہے؟ اگر ماں کے پیٹ کے اندر اس طرح کی بیماریاں ہیں تو اس کو مارنے کا کیا مطلب؟ اس لیے ہم تو یہی کہتے ہیں، کہ اللہ کی

تقدیر پر راضی رہتے ہوئے اس بچے کو دنیا میں آنے دیا جائے۔ اور جب اس میں روح پڑ چکی ہے تو اللہ تعالی پر بھروسہ کیا جائے، کیونکہ اللہ پاک ہر چیز پر قادر ہے۔ اور وہ بچے کو ماں کے پیٹ کے اندر تندرستی بھی دے سکتا ہے۔ اس لیے اس بچے کو ضائع کرنا جائز نہیں۔

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين

مفتیانِ کرام

فضیلۃ الشیخ ابو محمد عبد الستار حماد حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ عبد الحلیم بلال حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی حفظہ اللہ

فضیلۃ الدکتور عبد الرحمن یوسف مدنی حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ سعید مجتبی سعیدی حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ ابو عدنان محمد منیر قمر حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ عبد الرؤف بن عبد الحنان حفظہ اللہ

لجنة العلماء للإفتاء
ULAMA FATWA COUNCIL